22247- عیسی بن مریم علیہ السلام کو باپ کے بغیر پیدا کرنے میں اللہ تعالی کی حکمت

سوال

اس میں کیا حکمت ہے کہ اللہ تعالی نے عیسی علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا فرمایا ؟

پسندیدہ جواب

شیخ شنقیطی رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے :

عیسی علیہ السلام کو بغیر خاوند عورت سے پیدا کرنے کی حکمتوں میں سے ایک حکمت یہ بھی ہے تا کہ اللہ تعالی اسے لوگوں کے لیے نشانی یعنی اپنی قدرت کاملہ کی علامت بنائے اور یہ کہ وہ جو چاہے اور جس طرح چاہے پیدا کر سکتا ہے ، اگر چاہے تو مرد کے بغیر صرف عورت سے ہی پیدا فرما دے جیسا کہ عیسی علیہ السلام کے ساتھ کیا ۔

اور اگر چاہے تو اللہ تعالی عورت کے بغیر صرف مرد سے ہی پیدا فرما دے جیسا کہ حواء کو آدم علیہ السلام سے پیدا فرمایا جس کی نص اللہ تعالی کا یہ فرمان ہے :

.{اور اس سے اس کی بیوی کو پیدا فرمایا}.النساء (1)

یعنی اس نفس جو کہ آدم علیہ السلام ہیں سے اس کی زوجہ حواء کو پیدا فرمایا ۔

اور اگر اللہ تعالی چاہے تو مرد و عورت کے بغیر بھی پیدا کر دے جیسا کہ آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا ، اور اگر چاہے تو مرد و عورت دونوں سے پیدا فرمائے جیسا کہ سب بنی آدم پیدا کیے ہیں

.